Roll No. of the Student

Serial No. Of the Answer Book: ______

Paper Code ① ② ●

پرچہ اردو (Fresh) لازمی جماعت نہم

وقت: 20 منٹ    نمبر: 15

ہدایات:

(1) حصہ (الف) کے تمام اجزا حل کریں۔ ہر سوال کیساتھ چار جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔ آپ نے درست جواب کے دائرے کو سامنے دئے گئے طریقے سے اسی شیٹ میں اور ساتھ ہی OMR شیٹ میں مکمل سیاہ کرنا ہے۔ ●

(2) دائروں کو (شیڈ) بھرنے کیلئے نیلے یا کالے پن کا استعمال کریں۔ (3) جواب میں ایک سے زیادہ دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہوگا۔

## حصہ الف

1 چنانچہ بڑھے نے کہا کہ برائے خدا میر اردو ______ مجھے پھیر دیجئے۔

(A) سر   ● قولنج   (C) دل   (D) جگر

2 منشی پریم چند ______ کے قلمی نام سے لکھتے تھے۔

● نواب رائے   (B) ملک رائے   (C) چوہدری رائے   (D) خان رائے

3 ایک سفارش طلب کے بقول پاکستان چلانے کی ذمہ داری کس کے اوپر ہے؟

(A) افسر شاہی پر   (B) عوام الناس پر   (C) دانشوروں پر   ● اللہ تعالیٰ پر

4 1857ء کے ہنگامے میں مولوی نزیر احمد نے کس کی جان بچائی؟

(A) مسلمان خاتون   (B) ہندو خاتون   (C) سکھ خاتون   ● انگریز خاتون

5 جس نے ہمارے قبلے کو اپنا ______ بنایا وہ مسلمان ہے۔

(A) مذہب   (B) دین   ● قبلہ   (D) کعبہ

6 "دام ودانہ" مرکب ______ ہے۔

(A) توصیفی   (B) اضافی   ● عطفی   (D) عددی

7 اخلاق کا سب سے ______ اور ضروری پہلو یہ ہے کہ انسان جس کام کو اختیار کرے۔ اس پر استقلال کے ساتھ قائم رہے۔

(A) پہلا   (B) لازمی   ● مقدم   (D) مکرم

8 ______ نواب مصطفیٰ خان شیفتہ کے بچوں کے اتالیق بھی رہے۔

(A) شبلی   (B) حالی   (C) سرسید   (D) آزاد

9 فرحت اللہ بیگ نے کیا لکھا ہے؟

(A) نصوح کا خواب   (B) حج اکبر   ● آرام وسکون   (D) غلام

10 مغلیہ خاندان کے آخری بادشاہ کون تھے؟

(A) اکبر   (B) جہانگیر   (C) شاہجہان   ● بہادر شاہ ظفر

11 ڈاکٹر شفیق الرحمٰن کا سال ولادت کیا ہے؟

● 1920ء   (B) 1902ء   (C) 1899ء   (D) 1896ء

12 جملہ اسمیہ کے ______ بنیادی اجزاء ہیں۔

● تین   (B) چار   (C) پانچ   (D) چھ

13 راہِ حضرت میں، میں اڑاتا ہوں ______ ۔

(A) حالیؔ   ● امیرؔ   (C) اقبالؔ   (D) نظیرؔ

14 ڈرامہ "دستک" کے اہم کردار کتنے ہیں؟

(A) دو   ● تین   (C) چار   (D) پانچ

15 جس شخص نے اللہ کے نام پر سوال کیا وہ ______ ہے۔

(A) منافق   (B) کاذب   (C) کافر   ● ملعون

eduvision.edu.pk

I-100 901701 P-150

اردو لازمی (Fresh) نہم

نوٹ: حصہ ب اور حصہ ج کے لیے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

## حصہ ب

نمبر: 36

II. مندرجہ ذیل اجزاء میں سے کسی (9) کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i. مجنوں پہ سنگ اٹھایا، شاعر (غالب) کو اپنا سر کیوں یاد آ گیا؟

ii. مجازِ مرسل کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔

iii. مندرجہ ذیل کس قسم کے مرکبات ہیں؟

زیرِ زمین، طبل و علم، رگِ گل، مئے خوشگوار

iv. تخلص سے کیا مراد ہے؟ اقبال کا کوئی ایسا شعر لکھیں جس میں اس کا تخلص استعمال ہوا ہو۔

v. "نیلی جھیل" سے سفید بلی کی ذہانت کا کوئی واقعہ لکھیں۔

vi. صاحب خانہ کو اپنے گھر میں آرام و سکون کیوں نہ مل سکا؟

vii. ماما کی بچی کیسے پکڑی گئی؟

viii. ڈرامہ "دستک" سے آپ کون سا اخلاقی سبق اخذ کرتے ہیں؟

ix. منشی پریم چند کی افسانہ نگاری پر تنقیدی نوٹ لکھیں۔

x. سبق "انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا" کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

xi. انسان کے کن امور کا تعلق خدا اور انسان کے درمیان ہے؟

xii. جملوں میں استعمال کریں۔ دروغ گوئی، دستِ مبارک، خون بہا، ممانعت

## حصہ ج

نمبر: 24

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف (3) کے جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

III. مندرجہ ذیل اجزاء میں سے کسی ایک جز کی تشریح سیاق و سباق اور متن کے حوالے سے کیجئے۔

(الف) ایک پیر مرد کہ نہایت معزز و محترم معلوم ہوتا تھا، درد قولنج سے جاں بہ لب تھا اور لاولدی کے سبب سے اپنے مال و املاک کے لیے ایک وارث چاہتا تھا، اس نے در و مذکور کو پھینک کر ایک خوب صورت نوجوان لڑکے کو لیا، مگر لڑکے نابکار کو نافرمانی اور سرشوری کے سبب سے دق ہو کر اس کے باپ نے چھوڑ دیا تھا، چنانچہ اس نالائق نوجوان نے آتے ہی جھٹ بڈھے کی ڈاڑی پکڑ لی اور سر توڑنے کو تیار ہوا۔

(ب) کلامِ اقبال ہر جگہ امرت دھارے کے طور پر استعمال ہوتا ہے، چنانچہ سفارش طلبوں کے ایک حلقے کا انحصار بھی اقبال کے استعمال پر ہے۔ ایک دن چھٹی کے روز چمن میں بیٹھے دھوپ میں سستا رہے تھے کہ ایک حضرت، جو دور ہی سے بڑے مستعلیق سے نظر آ رہے تھے، آوارد ہوئے اور نظریں چار ہوتے ہی فرمایا:

IV. شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کریں۔

(الف) جچتا نہیں نظروں یاں خلعتِ سلطانی
کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا
عظمت تری مانے بن کچھ بن نہیں آتی یاں
ہیں خیرہ و سرکش بھی دم بھرتے سدا تیرا

(ب) جہانِ آب و گل سے عالمِ جاوید کی خاطر
نبوت ساتھ جس کو لے گئی، وہ ارمغاں تو ہے!
یہ نکتہ سرگزشتِ ملتِ بیضا سے ہے پیدا
کہ اقوامِ زمیں ایشیا کا پاسباں تو ہے

eduvision.edu.pk

شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک غزل پارے کی تشریح کریں۔

(الف) شفا اپنی تقدیر ہی میں نہ تھی
کہ مقدور تک تو دوا کر چلے

وہ کیا چیز ہے؟ آہ! جس کے لئے
ہر اک چیز سے دل اٹھا کر چلے

(ب) کیا ہی رضوان سے لڑائی ہوگی
گھر ترا خلد میں گر یاد آیا

کوئی ویرانی سی ویرانی ہے
دشت کو دیکھ کے گھر یاد آیا

7. اقتباس کو غور سے پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

وہ روز ارادہ کرتی کہ آج نصیر کو دیکھنے جاؤں گی، اس لیے بازار سے کھلونے اور مٹھائیاں لاتی۔ گھر سے چلتی، لیکن آدھے راستے سے لوٹ آتی۔ کبھی دو چار قدم سے آگے نہ بڑھا جاتا، کون سا منھ لے کر جاؤں؟ جو محبت کو فریب سمجھتا ہو، اسے کون منھ دکھاؤں؟ کبھی سوچتی کہیں نصیر مجھے نہ پہچانے تو، بچوں کی محبت کا اعتبار کیا؟ نئی دایہ سے ہِل گیا ہو۔ یہ خیال اس کے پیروں پر زنجیر کا کام کر جاتا تھا۔

سوالات:

(i) کون سا خیال دایہ کے پیروں پر زنجیر کا کام کر جاتا تھا؟

(ii) دایہ روزانہ کون سا ارادہ کرتی تھی؟

(iii) دایہ آدھے راستے سے کیوں لوٹ آتی تھی؟

eduvision.edu.pk

اپنے ضلع کے ڈپٹی کمشنر کے نام درخواست لکھیں اور کسی اہم دن کے موقع پر ضلع بھر کے سکولوں میں ایک دن کی تعطیل کے احکامات صادر کرنے کی التجا کریں۔